ﷺ نے علماءکوان کے دفاع اورفتنوں کی سرکوبی کی طرف اپنے ایک فرمان میں حکم فرمایاہے۔امت کے لیے جس طرح رسول کریم ﷺ کی مقدس ذات نمونہ ہے اسی طرح امت مسلمہ کی عورتوں کے لیےازواجِ مطہرات کی حیات طیبہ بھی نمونہ ہے۔اُم المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی عظمت اوردفاع پرمولانا محمد ندیم قاسمی صاحب نے قرآن اور عائشہ صدیقہؓ کےعنوان سےسہل اسلوب کےساتھ ساتھ عام فہم انداز میں یہ کتابچہ تحریرفرمایاہے۔جس میں تیمّم کاحکم،مفہٰی،طریقہ ،آیات برات،غزوہ بنی مصطلق،واقعہ افک اورسیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے مختصر حالات وخصوصیات پرانتہائی مختصراورجامع معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

● کتاب:تذکرہ شہداءبالاکوٹ مؤلف:مولانا قاضی محمد اسرائیل گڑنگی

ضخامت:۹۶صفحات قیمت:۳۰روپے

ناشر:مکتبہ انوارِمدینہ،جامع مسجد صدیق اکبرؓ،محلّہ صدیق آباد(اپرچنئی)۔مانسہرہ صوبہ سرحد

شہداءبالاکوٹ اہل سنت والجماعت کےعظیم سپوت ہیں جومسلکاً حنفی تھے۔یارلوگوں نے جب ان کی عظمت کو اہل سنت والجماعت کے دلوں میں محسوس کیاتوانہوں نے اپناقد بڑھانے کے لیےشاہ محمد اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کے خلاف پروپیگنڈا شروع کردیا کہ وہ بھی ہمارےگروہ غیرمقلدین میں سے تھے۔مولانا قاضی محمد اسرائیل گڑنگی صاحب نے تذکرہ شہداءبالاکوٹ نامی کتابچہ میں حضرت سیداحمدشہیدؒاورشاہ اسماعیل شہیدؒ کےمسلک اورحالات کومستندحوالوں سےتحریر کیاہے۔انہوں نے ثابت کیاہے کہ دونوں حضرات امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کےمقلد تھے۔علماءپشاور کے نام حضرت سیداحمدشہید کامکتوب جس میں انہوں نے اپنے حنفی المسلک ہونے کااعلان فرمایا' کافی وشافی ہے۔

● کتاب:فضائل سیدناصدیق اکبرؓ مؤلف:ابوالحسن میاں محمد محبوب الٰہی رضوی

ضخامت: ۵۶صفحات قیمت:۲۵روپے ناشر:میاں امام دین(ٹرسٹ)مکتبہ اسلامیہ۵ڈی سبزہ زار۔لاہور

جانشین پیغمبرخلیفہ اوّل سیدناصدیق اکبرؓکی ذات کامرتبہ اورمقام تونہایت بلندوبالاہےاللہ تعالیٰ نےاس ذات قدسی صفات کومصدّقِ خاتم الانبیاء ﷺ بناکرانبیاءوالاکام لیا۔ان کی ذات والاصفات کےفضائل ومناقب پربے پناہ لکھاگیاہے۔میاں محبوب رضوی صاحب نےبھی''فضائل سیدناصدیق اکبرؓ''کےنام سےموسوم کتاب لکھ کران سعادت مندوں میں نام شمارکرالیا۔اسلوب دل نشین اورسادہ ہے۔میاں محبوب رضوی صاحب کاتعلق جمعیت علماء پاکستان سےہے۔مولاناشاہ احمدنورانی ؒ کی قیادت میں قومی ودینی تحریکوں میں حصہ لیتے رہے ہیں۔

● کتاب:امام اعظم حضرت ابوحنیفہؒ مؤلف:ابوالحسن میاں محمد محبوب الٰہی رضوی

ضخامت: ۷۸صفحات قیمت:۱۵روپے ناشر:میاں امام دین(ٹرسٹ)مکتبہ اسلامیہ۵ڈی سبزہ زار۔لاہور

امام اعظم حضرت ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کےفضائل ومناقب پرہردورمیں کثرت سےکتابیں لکھی گئیں۔امت